Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۵ شوال المکرم ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۰ فروری ۱۹۳۴ء جلد ۲۶

حصہ اول

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رخصت سید محمد حسین رضا صاحب	۲
(۲)	منظوری استعفے ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس۔	۲

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام و اعلانات و اعلامات اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۵ر فروری ۱۹۳۳ء

برپیہ عرضداشت ہائے صاحب چیف منسٹر بہادر بابتہ عطائے منظوری رخصت رعایتی پندرہ (۱۵) یوم مطلوبہ سید محمد حسین صاحب عرف منجو صاحب معتمد مشاہرہ دار دو سو پچیس روپیہ از تاریخ استفادہ بغرض روانگی مرزاپور وغیرہ بضرورت درستی مکانات

حکم

بموجب رپورٹ۔ سید محمد حسین کی پندرہ (۱۵) یوم کی رعایتی رخصت تاریخ استفادہ سے منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بنشائے حکم ہمایون سر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۵ر فروری ۱۹۳۳ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر۔

حکم:- واقع ۸ر فروری ۱۹۳۳ء

برپیہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بابتہ عطائے منظوری استعفا پیش کردہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

حکم

ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کا استعفا منظور ہے جب تک اس عہدہ کا دوسرا انتظام ہو۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس، صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر سے براہ راست حکم حاصل کریں۔ کاغذات برائے اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس واپس ہوں۔

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

بنشائے حکم ہمایوں سر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۸ر فروری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر